Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون ۴۴۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۔ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

روزانہ خطبہ جمعہ ۱۱

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۲۰ پیسے

جلد ۲۶/۶۱ | ۹ صفر ۱۳۹۱ھ، ۲۵ امان ۱۳۵۱ھش، ۲۵ مارچ ۱۹۷۲ء | نمبر ۶۸

اخبار احمدیہ

ربوہ ۔ ۲۴ امان ۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق ۲۳ امان کی رپورٹ مظہر ہے کہ :۔

حضور کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے ۔ الحمد للہ ۔

احباب حضور کی صحت و سلامتی کے لئے اور حضرت سیدہ بیگم صاحبہ مدظلہا حرم حضور ایدہ اللہ کی صحت کے لئے التزام کے ساتھ دعائیں جاری رکھیں ۔

ربوہ ۔ ۲۴ امان ۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ :۔

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے ۔ الحمد للہ

احباب حضرت سیدہ ممدوحہ کی صحت سلامتی اور درازی عمر کیلئے بالالتزام دعائیں کرتے رہیں ۔

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ تعالیٰ عنہ

میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ خلافت کے اس کرتہ کو اب میں ہرگز نہیں اتار سکتا

تم معاہدہ کا حق پورا کرو ۔ پھر دیکھو کس قدر ترقی کرتے ہو اور کامیاب ہوتے ہو

"حضرت صاحب کی تصنیف میں معرفت کا ایک نکتہ ہے وہ میں تمہیں کھول کر سناتا ہوں، جس کو خلیفہ بنانا تھا ۔ اس کا معاملہ تو خدا کے سپرد کر دیا ۔ اور اُدھر چودہ اشخاص کو فرمایا کہ تم بہیئتِ مجموعی خلیفۃ المسیح ہو ۔ تمہارا فیصلہ قطعی فیصلہ ہے اور گورنمنٹ کے نزدیک بھی وہی قطعی ہے ۔ پھر ان چودہ کے چودہ کو باندھ کر ایک شخص کے ہاتھ پر بیعت کرا دی کہ اسے اپنا خلیفہ مانو اور اس طرح تمہیں اکٹھا کر دیا ۔ پھر نہ صرف چودہ کا بلکہ تمام قوم کا میری خلافت پر اجماع ہو گیا ۔ اب جو اجماع کا خلاف کرنے والا ہے وہ خدا کا مخالف ہے ۔ چنانچہ فرماتا (ہے) :۔

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝

میں نے الوصیت کو خوب پڑھا ہے واقعی چودہ آدمیوں کو خلیفۃ المسیح قرار دیا ہے اور انکی کثرت رائے کے فیصلہ کو قطعی فرمایا ۔ اب دیکھو کہ ان ہی متقیوں نے (جن کو حضرت صاحب نے اپنی خلافت کے لئے منتخب فرمایا) اپنی تقویٰ کی رائے سے اپنی اجماعی رائے سے ایک شخص کو اپنا خلیفہ اور امیر مقرر کیا اور پھر نہ صرف خود بلکہ ہزارہا ہزار لوگوں کو اسی کشتی پر چڑھایا جس پر خود سوار ہوئے ۔ تو کیا خدا تعالیٰ ساری قوم کا بیڑا غرق کر دیگا ۔ ہرگز نہیں ۔ پس تم کان کھول کر سنو ۔ اگر اب اس معاہدہ کے خلاف کرو گے ۔ تو اعقبھم نفاقا فی قلوبھم کے مصداق بنو گے ۔ میں نے تمہیں یہ کیوں سنایا اس لئے کہ تم میں بعض نافہم ہیں جو بار بار کمزوریاں دکھاتے ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ وہ مجھ سے بڑھ کر جانتے ہیں ۔

خدا نے جس کام پر مجھے مقرر کیا ہے میں بڑے زور سے خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اب میں اس کرتے کو ہرگز نہیں اتار سکتا ۔ اگر سارا جہان بھی اور تم بھی میرے مخالف ہو جاؤ تو میں تمہاری بالکل پرواہ نہیں کرتا اور نہ کرونگا ۔ خدا کے مامور کا وعدہ ہے اور اس کا مشاہدہ ہے کہ وہ اس جماعت کو ہرگز ضائع نہیں کریگا ۔ اس کے عجائباتِ قدرت بہت عجیب ہیں اور اسکی نظر بہت وسیع ہے ۔ تم معاہدہ کا حق پورا کرو ۔ پھر دیکھو کس قدر ترقی کرتے ہو اور کیسے کامیاب ہوتے ہو ۔"

(اخبار بدر ۲۱ اکتوبر ۱۹۰۹ء صفحہ ۱۱ کالم ۱)

حضور سے ملاقات کے متعلق ضروری اعلان

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بعض مصروفیات کی بناء پر بتاریخ ۲۶/۳/۷۲ بروز اتوار ملاقات نہیں ہوگی ۔ البتہ مورخہ ۲۵ مارچ بروز ہفتہ اور ۲۹/۳/۷۲ بروز بدھ دو دو گھنٹے ۱۰ بجے سے ۱۲ بجے تک حضور شرف ملاقات بخشیں گے ۔ احباب مطلع رہیں ۔

(پرائیویٹ سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ)

زائرین مجلس مشاورت کے لئے ضروری اطلاع

بیرون ربوہ کے جو احباب مجلس مشاورت پر بطور زائرین (مہمان) تشریف لا رہے ہوں وہ اپنے ہمراہ مقامی پریذیڈنٹ صاحب یا امیر صاحب کی تصدیق ضرور لائیں ۔ تاکہ تعارف میں آسانی ہو ۔

(سیکرٹری مجلس مشاورت)

دعا کی ایک اہم تحریک

احبابِ جماعت کی خدمت میں درخواست ہے کہ اپنے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس ارشادِ مبارک کو ہمیشہ مدِ نظر رکھیں :۔

"میں سمجھتا ہوں کہ جماعت کو دعاؤں کے ساتھ اور تدبیر کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے یہ توفیق مانگنی چاہیئے کہ ہم کم از کم تیس ۳۰ ہیلتھ سنٹرز یعنی طبی امداد کے مرکز اس سال کے اندر کھول دیں یہ کام بڑا ہی ضروری ہے ۔ بعض تفاصیل ہیں وہ میں اس وقت نہیں بتاؤں گا لیکن یہ مسئلہ اتنا اہم ہے کہ آپ اس کا اندازہ نہیں کر سکتے ۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمارے نوجوانوں کے دل بھی اور ہمارے بزرگ ڈاکٹروں کے دل بھی اس خدمت کے لئے کھول دے اور تیار کر دے اور ان کے دل میں خدمت کا جذبہ پیدا کر دے ۔"

(الفضل ۲۲ جولائی ۱۹۷۰ء)

(سیکرٹری نصرت جہاں ریزرو فنڈ)

(مسعود احمد پبلشر و ایڈیٹر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ سے چھپوا کر دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

احباب سالِ رواں کی مالی قربانیوں کو کمال تک پہنچائیں اور نئے سال کی ذمہ داریوں کو نباہنے کیلئے انتہائی کوشش شروع کر دیں

بیشک اس سال ملکی اقتصادیات پر برا اثر پڑا ہے لیکن دنیا کا کوئی اقتصادی بحران جماعت کی قربانیوں میں روک نہیں بن سکتا

ہمارے موجودہ مالی سال کے اختتام پر مالی قربانیوں کے سلسلہ میں ہماری کوشش نامکمل اور ادھوری نہیں ہونی چاہیئے

از سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ

فرمودہ ۲۵ تبلیغ ۱۳۵۱ ہش (۲۵ فروری ۱۹۷۲ء) بمقام مسجد مبارک ربوہ

(مرتبہ مکرم یوسف سلیم صاحب شاہد ایم۔ اے۔ انچارج شعبہ زود نویسی)

سورہ فاتحہ اور "فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ" (الم نشرح: ۸) کی تلاوت کے بعد حضور نے فرمایا:۔

"دنیا میں انسان کی زندگی مختصر ہے۔ اس کے باوجود انسانی فطرت جب مستقبل کی طرف دیکھے اس کی لمبائی سے اُکتا جاتی ہے۔ لیکن جب وقت گذر جاتا ہے اور انسان پیچھے کی طرف دیکھتا ہے تو اُسے اپنی زندگی بڑی مختصر نظر آتی ہے۔ اور جب وہ آگے دیکھتا ہے تو سمجھتا ہے کہ شاید اُس نے کبھی مرنا ہی نہیں مثلاً ایک بچہ ہے وہ سمجھتا ہے کہ اُس نے کبھی جوان ہی نہیں ہونا۔ اور ایک نوجوان ہے وہ سمجھتا ہے کہ اُس نے شاید

بڑھاپے کی عمر تک

نہیں پہنچنا۔ اور پھر جب آدمی بوڑھا ہو جاتا ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ اُس نے قیامت تک شاید مرنا ہی نہیں۔ کم از کم بہت سے لوگوں کے اعمال ہمیں یہی بتاتے ہیں۔

چونکہ انسان مختلف ادوار میں سے گذر کر اپنی زندگی کے دن پورے کرتا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کی فطرت کو ایسا بنایا ہے مثلاً ایک طالب علم ہے وہ پہلی میں پڑھتا ہے پھر دوسری میں اور پھر دسویں تک پہنچتا ہے۔ پھر گیارھویں میں، بارھویں میں اور پھر ایف اے، ایف ایس سی کے بعد بی اے، بی ایس سی میں اور پھر ایم اے، ایم ایس سی میں پہنچتا ہے۔ پھر جس طالب علم نے مزید پڑھنا ہوتا ہے وہ ایم اے، ایم ایس سی کرنے کے بعد ایک سال یا دو سال یا تین سال کا کورس بھی پاس کرتا ہے۔

بہر حال انسان اپنی زندگی کے دن درجہ بدرجہ گذارتا ہے اور درجہ بدرجہ اپنی ترقیات کی طرف حرکت بھی کر رہا ہوتا ہے۔ چنانچہ انسان جب بڑا ہوا اور حکومت کے کام میں شامل ہونے لگا تو پھر اُس نے مثلاً تین سالہ منصوبے بنانا شروع کر دیئے۔ پانچ سالہ منصوبے اور پھر سات سالہ منصوبے بنائے گئے اور یہ نہیں کہا گیا کہ اس نسل کے لئے ایک ہی منصوبہ کافی ہے اور یہ نسل آخری وقت تک اس پر کام کرتے ہوئے اُسے کامیاب بنانے کی کوشش کرے گی۔

تاہم انسان نے وقت کے لحاظ سے اپنی زندگی کے ہر کام کو زندگی کے مختلف ادوار میں بانٹ دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بھی بانٹا ہے، مثلاً کچھ عرصہ کے لئے فرمایا دودھ پیو اور کچھ نہیں کھانا۔ پھر فرمایا کچھ تھوڑی سی اور چیز ساتھ ملا کر کھاؤ لیکن چنے اور مکی کے دانے نہیں کھانے۔ چنانچہ کھانے کے لحاظ سے ہر عمر میں ایک تدریج پیدا کی گئی اور اس طرح

انسانی زندگی

کے اس پہلو کو مختلف صورتوں میں بانٹ دیا گیا۔ اسی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ کھیل کے میدان میں بھی یہی نظر آتا ہے۔ غرض زندگی کے ہر میدان میں ہمیں یہی اصول نظر آتا ہے کہ زندگی کو بانٹا گیا اور درجہ بدرجہ ارتقاء اور رفعتوں کے سامان پیدا کئے گئے ورنہ شاید انسان اپنی فطری کمزوری کے نتیجہ میں ان رفعتوں کو نہ پا سکتا جنہیں وہ درجہ بدرجہ ترقی کرتے ہوئے پا لیتا ہے۔

اسی طرح عبادات میں بھی درجہ بدرجہ ترقی کرنے کے لئے نمازوں کے درمیان وقفے پیدا کر دیئے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ تم سارے دن کی نمازیں ایک ہی وقت میں پڑھ لو۔ اس غرض کے لئے اُس نے دن کو پھر آگے مختلف حصوں میں تقسیم کر دیا ہے اور پھر رات اور دن کی عبادات کو الگ کر دیا۔ چنانچہ سارے دن کے کام سے تھکنے کے بعد جب رات کی عبادت آئی تو اُسے مشقت والی بنا دیا۔

غرض یہ اصول ہمیں انسانی زندگی میں کچھ اس طرح نظر آتا ہے کہ ہم اس سے انکار نہیں کر سکتے جس کا مطلب یہ ہے کہ ہر درجہ کے بعد یعنی پہلے درجے میں یا پہلے دائرہ میں یا پہلے دور کے اندر ایک کام مکمل بھی ہو رہا ہے اور اگلے درجہ کے کام کا بیج بھی بویا جا رہا ہے مثلاً نویں کا کورس مکمل بھی ہو رہا ہے اور دسویں میں داخلہ بھی ہو رہا ہے۔ میٹرک کا کورس مکمل بھی ہو رہا ہے اور پھر ایف اے ایف ایس سی (جسے انٹرمیڈیٹ کہتے ہیں) کی تیاری کے لئے بھی سامان ہو رہے ہیں۔

پس اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی اس آیہ کریمہ میں فرمایا ہے کہ تم ایک دور کے کام سے فارغ بھی ہو گے اور ایک دوسرے دور میں داخل بھی ہو رہے ہو گے۔ اگر تم میری

محبت کی انتہاء

کو (اپنے دائرۂ استعداد میں) پہنچنا چاہتے ہو تو پھر اس اصول کو یاد رکھو

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کہ جب فَرَغْتَ کا سوال ہو۔ یعنی ایک دَور پورا ہو رہا ہو تو بنیادی طور پر تمہیں ایک سبق دیا جاتا ہے کہ وہ کام فَرَغْتَ کے معیار پر پورا اترتا ہو۔ فَرَغ کے معنے عربی زبان میں کسی کام کو یا کسی چیز کو اس کے کمال تک پہنچانے کے ہوتے ہیں چنانچہ منجد نے لکھا ہے کہ فَرَغَ مِنَ الشَّیْءِ کے معنے ہوتے ہیں اَکْمَلَہٗ یعنی کسی کام یا چیز کو کامل اور مکمل بنا دیا۔ اس کے سارے اجزاء پورے ہو گئے تب وہ عربی زبان کے لحاظ سے فَرَغْتَ ہے مثلاً دسویں کا وہ طالب علم جو دو پرچوں میں فیل ہو جاتا ہے اس کو فَرَغْتَ نہیں کہا جائے گا۔ یعنی اس کا کام مکمل نہیں ہوا۔ کیونکہ جہاں تک دسویں کے امتحان کی تیاری کا سوال تھا اُس نے اپنی ذمہ داری کو کمال تک نہیں پہنچایا اسلئے اس کے اگلے دَور کی ترقی یا اُس کے لئے جدوجہد کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

غرض اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ فَاِذَا فَرَغْتَ یعنی جب تم ایک دَور کے کام سے اور اس کی ذمہ داری سے پورے طور پر فارغ ہو جاؤ اس معنے میں کہ جس ذمہ داری کو جس حد تک نباہنا تھا وہ تم نباہ لو اس میں کوئی پہلو کمزوری کا یا کوئی پہلو خامی کا باقی نہ رہ جائے تم اُسے مکمل اور پورا کر دو اور اس کے سارے اجزاء نمایاں طور پر نشوونما پا چکیں تو پھر وہاں ٹھہرنا نہیں کیونکہ زندگی کی کوشش میں ٹھہراؤ تو موت کے مترادف ہے۔ فرمایا فَانْصَبْ ایک اور دور شروع ہو گیا پھر اس کے لئے تمہیں انتہائی کوشش کرنی پڑے گی۔

نَصَبَ کے ایک معنے رفعت اور مضبوطی سے قائم کرنے کے ہیں اور ایک معنے (جو فانصب اس صیغے میں آیا ہے اس کے معنے ہیں) جَھَدَ اجتھد۔ یعنی پورا زور لگا کر کام کو کیا اس لئے اگر ہم اس کے مصدری معنے کو لیں۔ تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ پھر ذمہ داری کا جو اگلا دَور ہے ایک تو وہ رفعت کا دور ہوگا، یعنی ایک بنیاد پہلے بن چکی ہے۔ اب اس کے اوپر دوسری منزل بنے گی اور دوسرے یہ بتایا کہ دوسری منزل پہلی منزل کی مضبوطی کا باعث ہوگی۔

اس دُنیا کی عمارتیں تو بعض دفعہ دوسری منزل کو برداشت نہیں کرتیں مثلاً کسی عمارت کے متعلق انجینئر سے پوچھیں تو وہ کہہ دیتا ہے کہ اس کی بنیادیں دو منزلہ عمارت کے لئے نہیں بنائی گئیں۔ بعض دفعہ وہ کہہ دیتا ہے کہ چار منزلیں بن سکتی ہیں۔ پانچویں منزل نہیں بن سکتی بس اس سے پتہ لگا کہ ہر دوسری منزل پہلی منزل کو مضبوط نہیں کرتی بلکہ اس کی کمزوری کا باعث بن جاتی ہے۔ لیکن روحانی دُنیا میں ہر دوسری منزل پہلی منزل کی مضبوطی اور ارتقاء کا سامان پیدا کرتی ہے۔ فانصب میں اسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

مادّی اور روحانی

پس کاموں میں ایک نمایاں فرق یہ ہے کہ روحانی لحاظ سے جو دوسری منزل بنتی ہے وہ پہلی منزل کی مضبوطی کا بھی سامان پیدا کرتی ہے اور اسی کی انتہا کو ہم انجام بخیر کہتے ہیں۔ اس لئے کسی انسان یا فرد واحد کی زندگی جو کہ مختلف ادوار سے گزرتی ہے اگر اس کی آخری منزل کمزور ہو تو پچھلی ساری منزلیں کمزور ہوں گی اس لئے یہ سمجھا جائے گا کہ اس کا انجام بخیر نہ ہوا۔

غرض اس لحاظ سے بھی مادی اور روحانی تصور میں بالکل نمایاں فرق ہے مثلاً مادی طور پر ایک منزل بنائی جاتی ہے مگر اس پر دوسری منزل نہیں بن سکتی کیونکہ پہلی منزل مضبوط نہیں ہے یا انجینئر کہتا ہے کہ اس کی بنیاد دو منزلوں کو برداشت کر سکتی ہے اور تیسری ایک منزل یعنی ایک منزل کے بوجھ سے زیادہ برداشت کر سکتی ہے۔ یہ تیسری ممکن ہوگا کہ اس ایک منزل کی شکل میں وہ زیادہ طاقت کی ہوگی، لیکن روحانی طور پر دوسری منزل کے بغیر پہلی منزل کمزور رہ جاتی ہے اور تیسری منزل کے بغیر پہلی اور دوسری منزلیں کمزور رہ جاتی ہیں اور آخری منزل کے بغیر تو ساری ویرانی ہے کیونکہ اس طرح انجام بخیر نہیں ہوتا گویا اللہ تعالیٰ کی انتہائی رضا کے پانے کا جب وقت آیا تو اس وقت اللہ تعالیٰ کی انتہائی ناراضگی مول لے لی۔

پس اس آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے تمہاری فطرت کے لحاظ سے مختلف دَور مقرر کئے ہیں اس لئے تم ان میں سے گزر کر اور انتہائی جدوجہد کے بعد آخری منزل تک پہنچ سکتے ہو۔ چنانچہ حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی ہی کو آپ غور سے دیکھیں تو وہاں بھی یہ نظر آئے گا کہ آپ کے دَور میں بھی مسلمانوں نے آہستہ آہستہ تدریجی ترقی کی۔ وہ آپ کی قوت قدسیہ اور تعلیم و تربیت کے نتیجہ میں منزل بمنزل آگے بڑھتے رہے اور منزل بمنزل بلند ہوتے اور رفعتوں کو حاصل کرتے چلے گئے اور پھر اپنی آخری منزل کو انہوں نے پوری جدوجہد اور کوششوں اور قربانیوں کو انتہا تک پہنچا کر بنایا اور اس طرح اُن کا انجام بخیر ہوا اور اللہ تعالیٰ کی یہ آواز ان کے کان میں آئی۔ میرے بندے! میری جنتوں میں داخل ہو جاؤ اس آخری عمارت یا منزل کے بعد جنت نہیں ہے۔ کیونکہ اس کے بعد جو عمارت ہے وہ تو دھڑام سے دوزخ میں جا گرتی ہے۔ اس لئے اس لحاظ سے یہ بڑے خوف کا مقام ہے۔

غرض اس چھوٹی سی آیت میں

بڑی حکمت کی بات

بیان ہوئی ہے۔ فرمایا کسی دَور میں بھی تمہارے سپرد جو کام کیا جائے اس دور کے کام کو فَرَغْتَ کے طور پر کرنا ہے۔ یعنی اس کو تمام کرنا ہے۔ اس کو کامل اور مکمل کرنا ہے اس کے تمام اجزاء کو پورا کرنا ہے۔ لغت عربی کے لحاظ سے فَرَغْتَ کے یہی معنے ہیں فرمایا جب کام مکمل ہو جائے تو پھر وہاں بیٹھ نہیں جانا اور یہ نہیں سمجھنا کہ بس جو کام کرنا تھا وہ کر لیا تم جب تک اس دُنیا میں زندہ ہو تمہیں اپنی زندگی کے مختلف ادوار کی ذمہ داریوں کو نباہنا ہوگا۔ البتہ اُس دُنیا یعنی آخروی زندگی کی ہم بات نہیں کر سکتے انسان کا تصور یہی ہے کہ وہاں دنیوی قسم کا عمل نہیں ہوگا۔ ویسے وہاں بھی عمل تو ہوگا۔ لیکن یہ عمل امتحان کے طور پر نہیں ہوگا۔ کیا آپ کا یہ خیال ہے کہ جنت میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اس کا شکر ادا نہیں کریگا شکر ادا کرنا بھی تو آخر ایک عمل ہے یا کیا وہ الحمد للہ نہیں پڑھے گا، اگرچہ وہ الحمد للہ پڑھے گا تو یہ بھی ایک عمل ہے اگرچہ وہ الحمد للہ اُس سے زیادہ بصیرت کے ساتھ پڑھے گا جتنا اس دنیا میں پڑھتا ہے اسلئے کہ وہ خدا تعالیٰ کے پیار کو اس سے زیادہ بصیرت کے ساتھ دیکھے گا جتنا وہ اس دُنیا میں دیکھ رہا ہے اس لئے اس کی حمد تو اس دنیا کی حمد سے بہتر اور احسن ہوگی۔

غرض جب ہم کہتے ہیں کہ یہ عمل کی دنیا ہے تو اس کا مطلب صرف یہ ہوتا ہے کہ یہاں عمل کی دنیا ہے جسے ہم امتحان کہتے ہیں۔ یعنی یہ آزمائش کی دنیا ہے۔ اس

آزمائش اور امتحان کی دُنیا

کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اگر شیطان سے تمہیں کوڑے بھی لگواؤں تو پھر بھی تم نے میری حمد کرنی ہے اگر تم اس صورت میں بھی میری حمد نہیں کرو گے تب بھی میں تم سے ناراض ہو جاؤں گا اور دوسری طرف آخروی زندگی کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہاں لغویات بھی تمہارے کان میں نہیں پڑے گی گویا وہ دُنیا ہی اور ہوگی۔ لیکن وہاں بھی ایسا عمل تو برحال جاری رہے گا۔ جس کو امتحان نہیں کہا جا سکتا۔ اب مثلاً ایک آزمائش بچے کی یہ ہوتی ہے (اور یہ آزمائش ماں باپ لیتے ہیں، مگر جہاں تک اس امتحان یا آزمائش کا سوال ہے) ماں باپ نے اپنے ذہن میں یا اعلانیہ اظہار کیا ہوتا ہے کہ اگر تو فرسٹ ڈویژن میں پاس ہو گیا۔ تو ہم تجھے یہ تحفہ دیں گے یہ بھی آخر ایک عمل اور ردعمل کا نتیجہ ہے نا۔ انہوں نے اپنے بچے کا امتحان لیا یا انہوں نے امتحان کے ساتھ خود کو وابستہ کر دیا اور ایک وہ پیار ہے جو ایک دو تین سال کا چھوٹا بچہ ماں کی گود میں پاتا ہے وہ اپنی ماں کی گردن میں باہیں ڈال کر اس کے ساتھ چمٹ جاتا ہے اُس وقت ماں اسے جو پیار دے رہی ہوتی ہے وہ اگرچہ عمل کا جواب تو ہے مگر کسی امتحانی عمل کا نتیجہ نہیں اور عمل اس لحاظ سے ہے کہ بچہ آتا ہے۔ ماں کی گردن میں باہیں ڈالتا ہے اور پھر بڑے پیار کے ساتھ اپنے کلّے کو ماں کے کلّے کے ساتھ لگا دیتا ہے ماں اس سے پیار کرتی ہے چنانچہ اسی طرح اُس اگلی آخروی دنیا میں

اللہ تعالیٰ کا پیار

عمل کے ساتھ تو وابستہ ہے لیکن ایسے عمل کے ساتھ وابستہ نہیں ہے جسے ہم امتحان یا آزمائش کہہ سکیں۔

مگر یہاں اس دُنیا کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تمہیں بأساء اور ضرّاء دیکھنی پڑیں گی یا تم ایسے الفاظ سنو گے جنہیں تم برداشت نہیں کرو گے۔ لیکن میری خاطر تمہیں برداشت کرنے پڑیں گے۔ پس امتحان اور آزمائش کے لحاظ سے انسانی زندگی پر مختلف دَور آتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ نے انسانی جدوجہد کو مختلف ادوار میں تقسیم کر دیا ہے۔

چنانچہ اس غرض کے لئے اللہ تعالیٰ نے منصوبے بنا دئے ہیں۔ بعض دینی منصوبے ایسے ہیں جن کا تعلق ایک دن کے ساتھ ہے بعض دینی منصوبے اس قسم کے ہیں جن کا تعلق سال میں ایک مہینے کے ساتھ ہے اب مثلاً نماز ہے اس کا دن کے اوقات کے ساتھ تعلق ہے دن بھی پورا نہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ ایک دن کی نماز پڑھنا ہے بلکہ فرمایا کہ دن میں پانچ دفعہ لازماً اور بعض دفعہ پیار کے جوش میں پڑھنے سے دن میں پانچ نمازوں کے بعد رات کو ہم تہجد کی نماز ادا کرتے ہیں) یہ گویا دن (۲۴ گھنٹے) کا ایک دور ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ یہ نہیں فرماتا کہ ایک دن باقاعدہ صبح دوپہر عصر شام اور عشاء اور پھر تہجد کی نماز پڑھ لو اور پھر آرام سے بیٹھ جاؤ یہ کہتے ہوئے کہ ہمارا جو کام تھا وہ ختم ہو گیا۔ فرمایا یہ نہیں تمہارا کام فَرَغْتَ کے مطابق پورا بھی کیا گیا ہو یعنی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اس کے ... جو ذیلی چیزیں تھیں ان کو بھی مدنظر رکھا گیا ہو مثلاً تم نے ہر نماز کے ساتھ نفل بھی پڑھے ہوں۔ نمازوں سے پہلے بڑی احتیاط کے ساتھ وضو بھی کیا ہو۔ نمازوں میں خشوع و خضوع کے ساتھ دعائیں بھی کی ہوں۔ پھر رات کو تہجد کی نماز بھی ادا کی ہو اس طرح گویا نماز کے لحاظ سے دن کی ذمہ داری کے سارے اجزاء پورے ہوگئے۔ لیکن اس پر تمہاری ذمہ داری ختم نہیں ہو جاتی بلکہ اگلے دن کی جب پو پھوٹی تو وہ تمہارے لئے نئی ذمہ داریاں لے کر آئی اور مثلاً نمازوں کے لحاظ سے ایک نیا دور شروع ہو گیا۔

تاہم روزے کے لحاظ سے تو نیا دور شروع نہیں ہوا اس کے لئے تو آپ کو گیارہ مہینے انتظار کرنا پڑتا ہے۔ پھر ایک مہینہ رمضان کی عبادت کا ہے۔ یہ بھی ایک دوسری قسم کی عبادت کا دور ہے۔ پھر جب آپ ایک مہینے کا یہ دور پورا کر لیتے ہیں تو یہ نہیں کہتے کہ اللہ قسم! اب میں ساری عمر روزے نہیں رکھوں گا کبھی کسی مومن کے دل سے یا اس کی زبان سے یہ آواز نکلی ہے؟ اس لئے نہیں نکلی کہ اسے پتہ ہے کہ میری

زندگی کا ایک دور

یا ایک منصوبہ سال کے ایک مہینے کے ساتھ تعلق رکھتا تھا وہ ختم ہو گیا اب دوسرا منصوبہ اگلے سال کے لئے شروع ہو گیا ہے۔ اس سے ہمیں یہ بھی پتہ لگتا ہے کہ ہمیں رمضان کے لئے گیارہ مہینے تیاری کرنی چاہیئے۔ پھر اس کا × ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ (کلائمیکس) اس کی انتہا اور اس کا انجام رمضان کے مہینے کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔

پھر حج ہے یہ بھی اصل میں تو ایک دفعہ ساری عمر میں فرض ہوتا ہے گویا ساری زندگی میں ایک دور اس کا آتا ہے لیکن جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرماتا ہے وہ ایک سے زائد دفعہ بھی حج کرتے ہیں۔

بہرحال عبادت کے لحاظ سے بھی میں جس چیز کو اچھی طرح واضح کر کے بیان کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ مختلف دور ہیں کسی چیز کا دور ایک دن سے تعلق رکھتا ہے۔ کسی کا ایک سال سے تعلق رکھتا ہے۔ کسی کا ساری عمر کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ سال سے تعلق رکھنے والا دور مثلاً زکوٰۃ بھی ہے۔ اس کا تعلق گو سال کے ختم ہونے سے ہے لیکن خرچ کرنے کے لحاظ سے ایک دور ایسا آجاتا ہے کہ دو دن کے بعد بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ مثلاً جہاد کے لئے مال دینا۔ چنانچہ حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں جو جنگیں لڑی گئی ہیں ہر جنگ کے وقت یہ اعلان کیا جاتا تھا کہ مالی قربانی دو۔ اور جانی قربانی دو۔ کوئی ایک ہفتہ کے بعد جنگ ہوئی۔ کوئی ایک سال کے بعد جنگ ہوئی۔ کوئی لمبے عرصے کے بعد اور کوئی تھوڑے عرصہ کے بعد جنگ ہوئی یعنی مختلف جنگوں کے درمیان ایک جیسا وقفہ نہیں ہے۔

پھر ایک اور دور ہے جو پورے کا پورا

مظلومیت کا دور

نظر آتا ہے یعنی مکی زندگی کا پورا ایک دور ہے اور کیونکہ مسلمانوں نے اس دور میں فَرَغْتَ پر عمل کیا تھا یعنی اس دور مظلومیت کی زندگی میں عاید ہونے والی ذمہ داریوں کو انہوں نے پورے طور پر ادا کر دیا تھا۔ ان کا کوئی جزو ایسا نہیں تھا کہ جس کو انہوں نے نظر انداز کر دیا ہو اور ادا نہ کیا ہو۔ غرض انہوں نے اپنی قربانیوں کو مکمل بنا دیا تھا۔ چنانچہ ان کا نتیجہ شاندار کامیابی کی شکل میں نکلا۔ گو اس کامیابی میں بہت ساری اور چیزیں بھی شامل تھیں لیکن اس ایک خطبہ میں ان کی تفصیل بیان نہیں کی جا سکتی۔ لیکن ایک شکل جو بڑی نمایاں تھی وہ یہ تھی کہ مکہ کے ظالم سرداران نے مکہ سے باہر نکل کر جنگ کے ذریعہ اسلام کو مٹانا چاہا تو اپنا سر اور دھڑ چھوڑ کر وہ قوم واپس مکہ کو لوٹی ان کے بڑے بڑے سردار اس جنگ میں مارے گئے تھے جس طرح خواب میں یا کہانیوں میں بے دھڑ کے انسان کا منظر دکھائی دیتا ہے یعنی بعض دفعہ بغیر سر کے دھڑ چلنا شروع کر دیتا ہے۔ حقیقتاً کفار مکہ بغیر دھڑ کے واپس لوٹے اس لئے کہ جس سر نے یہ منصوبہ بنایا تھا کہ مسلمانوں کو قتل کر دیا جائے یا جس دماغ نے اسلام کو مٹانے کے متعلق سوچا تھا۔ اس کو اللہ تعالیٰ نے ختم کر دیا مگر اسلام ختم نہیں ہوا۔ غرض اس دور میں امت محمدیہ نے جب کہ وہ ایک چھوٹی سی امت تھی اور بڑے نازک دور سے گزر رہی تھی اس وقت اپنی ذمہ داریوں کو ان کے تمام اجزا کے ساتھ نباہا اور انتہائی قربانیاں دیں۔

پس واقعہ میں انہوں نے اس حکم پر عمل کیا اور فَرَغْتَ کی رو سے ایک دور کی قربانیوں کو انتہا تک پہنچا کر فَانْصَبْ کے حکم پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اگلے دور کی طرف متوجہ ہو گئے۔ یعنی

بدر کی جنگ

جس میں پہلے دور کی انتہا اور انجام تھا۔ اور نہایت شاندار انجام تھا اور خدا تعالیٰ کی محبت کا ایک عظیم الشان اظہار تھا۔ اس وقت گویا ایک دور ختم ہوا۔ اگلا حکم کیا ہے؟ آرام سے بیٹھو اور سو جاؤ۔ تمہیں مزید قربانیاں دینے کی ضرورت نہیں؟ فرمایا۔ فَانْصَبْ۔ ایک نیا دور شروع ہو گیا ہے۔ اس دور میں بھی انتہائی جدوجہد کرنی پڑے گی اور جہاد سے کام لینا پڑے گا اور رفعتوں اور مضبوطی کے سامانوں کے لئے کوشش کرنی پڑے گی۔ غرض اسی طرح امت محمدیہ کی فردی اور اجتماعی زندگی میں اللہ تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرنے کا ایک نیا دور شروع ہوا۔ پہلے دور کے بعد دوسرا، پھر تیسرا، پھر چوتھا وعلیٰ ہذا القیاس۔ لیکن جس وقت امت محمدیہ نے فَرَغْتَ پر عمل کیا لیکن فَانْصَبْ پر عمل نہیں کیا وہ سمجھے کہ ہم ساری دنیا کے حاکم بن گئے۔ اب ہمیں فَانْصَبْ پر عمل کرنے کی کیا ضرورت ہے تو تباہ ہو گئے۔ مثلاً سپین اسلامی سلطنت کا ایک حصہ تھا اور اس پر مسلمان حکومت کرتے تھے مگر کجا یہ کہ

طارق کی فوج

بارہ ہزار کے قریب تھی اور اس نے سپین میں جا کر ایک لحاظ سے سارے یورپ کے ساتھ ٹکر لی اور انتہائی قربانی دی۔ وہاں سمندر کے ساحل پر کشتیاں نہیں جلائی گئی تھیں۔ وہاں خدا تعالیٰ کے ساتھ محبت کے شعلے بھڑکے تھے۔ انہوں نے کہا تھا کہ یہ دنیوی قربانیاں کیا چیز ہیں ہم اللہ تعالیٰ کی محبت کے شعلوں میں ہر چیز کو جلا دیتے ہیں تاکہ ہمیں اس کے پیار کی ٹھنڈک ملے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے پیار کی ٹھنڈک پہنچائی، جس کے نتیجہ میں مسلمانوں کی مٹھی بھر فوج کے سامنے عیسائی فوج نہیں ٹھہری اور وہ شکست کھا گئی حالانکہ سارے یورپ والے مسلمانوں کو مٹانے کے لئے اکٹھے ہو گئے تھے۔ خود سپین کے عیسائی بادشاہ کے پاس بے تحاشا فوج تھی اسی طرح ترکی کی طرف سے مسلمان پولینڈ تک چلے گئے۔

چنانچہ اس دور میں جب فَرَغْتَ کے ساتھ ساتھ فَانْصَبْ پر بھی عمل ہو رہا تھا۔ ہر وہ طاقت جس نے مسلمانوں سے ٹکر لی ناکام ہوئی اور ہر وہ دشمن جس نے اسلام کو مٹانے کی کوشش کی ہلاک ہو گیا۔

پھر مسلمانوں پر ایک وقت ایسا آیا کہ جب انہوں نے یہ سمجھ لیا کہ اب ساری دنیا ہمیں مل گئی۔ ہم نے اجتماعی زندگی میں جو کام کرنا تھا وہ کر لیا اس لئے اب ہمیں قربانیاں دینے کی ضرورت نہیں رہی حالانکہ یہ نہیں سوچا کہ

امت محمدیہ کی اجتماعی زندگی

تو قیامت تک ممتد ہے۔ قیامت سے پہلے تو امت محمدیہ کی اجتماعی زندگی ختم نہیں ہوتی اس واسطے امت محمدیہ کی اجتماعی زندگی میں کوئی ایسا مقام نہیں جب انسان یہ سمجھے کہ فَاِذَا فَرَغْتَ پر پورا اترنے کے بعد فَانْصَبْ کا حکم نہیں رہا۔ بلکہ اس آیت کی رو سے قیامت تک ایک دور کے بعد دوسرا دور شروع ہوگا۔ ایک نسل کے بعد دوسری نسل کو قربانیاں دینی پڑیں گی۔

بہرحال جب بھی مسلمانوں نے یہ سمجھا کہ انہوں نے اپنے دور میں قربانیوں کے ہر جزو کو مکمل کر دیا۔ اب انہیں مزید قربانیاں دینے کی کیا ضرورت ہے تو وہ ہلاک ہو گئے مگر یہ ہلاکت دنیوی طور پر ہے روحانی لحاظ سے اس لئے نہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ فتح اعوج کے زمانہ میں بھی امت محمدیہ میں اولیاء اس کثرت سے تھے کہ جس طرح سمندر میں پانی کے قطرے ہوتے ہیں، لیکن وہ امت محمدیہ کے کچھ فرد تھے یا وہ کچھ ٹولیاں تھیں، ساری امت محمدیہ تو ایسی نہیں تھی جس طرح چراغ جلتے ہیں اور تھوڑی سی جگہ کو روشن کر دیتے ہیں، یہی ان کا حال تھا۔ مگر ساری امت یا ساری قوم پر جو ذمہ داری تھی، اس سے صرف پاکستان کے مسلمان یا افریقہ کے مسلمان یا مصر کے مسلمان یا عراق کے مسلمان یا عرب کے مسلمان یا شام کے مسلمان یا ایران وغیرہ کے مسلمان مراد نہیں بلکہ ساری امت پر جو ذمہ داریاں عاید ہوتی تھیں، انہیں نباہا نہیں گیا۔ چنانچہ اسلامی تاریخ میں ایک وقت ایسا بھی ہمیں نظر آتا ہے کہ جب مسلمانوں نے فَاِذَا فَرَغْتَ کے بعد فَانْصَبْ کا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خیال نہیں رکھا۔ جب ایک دور ختم ہوا تو انہوں نے دوسرے دور کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ نہیں کی۔

پس اگر امت محمدیہ نے یا جماعت احمدیہ نے ترقی کرنی ہے تو ان کے لئے یہ ضروری ہے! جو سبق ہمیں اس چھوٹی سی آیت سے ملتا ہے کہ ہم انکو ہمیشہ اپنے سامنے رکھیں گے۔ سابق ہم ہر دور کی قربانیوں کو کمال تک پہنچانے کے بعد نئے دور کی ذمہ داریوں کو نباہنے کے لئے انتہائی جدوجہد اور پوری کوشش کرنی شروع کر دیں۔ پھر ہم آگے ہی آگے بڑھتے چلے جائیں گے۔ خدا نہ کرے کہ ہم پہلے لوگوں کے انجام سے سبق نہ لیں اور جو اُن پر گذری کبھی خدا نہ کرے کہ وہی ہم پر بھی گذرے۔ خدا نہ کرے کہ کبھی ایسا ہو۔

ایک چھوٹی سی بات

جو آج میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں اور جس کی طرف میں جماعت کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ غلبۂ اسلام کے لئے ہماری جو عظیم جدوجہد اور عظیم مہم ہے، اُس کا بھی ایک دور ہے جس میں جانی اور مالی قربانیاں پیش کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ یہ کوئی معمولی کام نہیں ہے۔ یہ اتنا عظیم الشان کام ہے کہ بعض کمزور دل اور کمزور ایمان آدمی ڈر جائیں گے۔ وہ سمجھیں گے کہ یہ اتنا بڑا کام ہے، یہ کیسے سرانجام پائیگا؟ تاہم حقیقت یہ ہے کہ اس سلسلہ میں جتنا کام اس وقت تک ہو چکا ہے وہ بھی کیسے ہو سکنے والا سوال تھا۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب دعویٰ کیا تو قبل اس کے کہ کوئی ایک شخص بھی آپ کے ہاتھ پر بیعت کرتا دو سو علماء نے آپ پر کفر کے فتوے لگا دئے۔ آپ کی محفل میں دو سو علماء کے کفر کے فتوے تو تھے لیکن احمدی کوئی نہیں تھا۔ کیونکہ ابھی آپ نے بیعت لینی شروع نہیں کی تھی۔ لیکن آج دیکھو وہ اکیلی آواز، وہ خدا اور اس کے رسولؐ کے پیار سے لبریز آواز ساری دنیا میں چکر لگا رہی ہے۔

پس جو کچھ ہو چکا ہے وہ بھی دراصل ایک معجزہ ہے۔ اسلئے جب ہم ایک معجزہ دیکھ چکے ہیں تو ہم آئندہ ظاہر ہونے والے معجزوں سے مایوس کیوں ہوں؟ خدا تعالیٰ وہ بھی ضرور دکھائے گا۔ البتہ ضرورت اس بات کے سمجھنے کی ہے کہ جب امت محمدیہ نے یا جماعت احمدیہ نے اس سے پہلے اپنی ذمہ داریوں کو نباہا ہے تو پھر ہم اپنی ان ذمہ داریوں کے نباہنے سے کیوں انکار کریں جو آئندہ نئے دور میں ہم پر پڑنے والی ہیں۔

میں نے بتایا ہے کہ انسانی زندگی میں چھوٹا بڑا دور آتا رہتا ہے۔ ہمارا ایک دور مالی سال پر مشتمل ہے اور وہ اب ختم ہو رہا ہے۔ جیسا کہ میں بتا چکا ہوں ہر سال کے پورا ہونے پر فرغت کی کیفیت پیدا ہوتی ہے یعنی جب ذمہ داری پوری ہو گئی۔ سارے اجزاء کے مطابق ذمہ داری نباہ لی تو پھر اس کے ساتھ لگتا ہوا دوسرا دور جو ہے۔ اس کے متعلق یہ حکم ہے۔

فَانْصَبْ

یعنی ہر دور کے اختتام پر فرغت والی کیفیت پیدا ہونی چاہیئے۔ انسانی کوشش مکمل ہونی چاہیئے۔ ادھوری نہیں رہنی چاہیئے اور ہر دور کے آخر پر جو اگلے دور کی ابتداء ہے اس کے لئے فانصب کا حکم ہے کہ اس میں پہلے سے بھی زیادہ زور لگانا چاہیئے۔

چنانچہ جب ہمارا پچھلا مالی سال ختم ہوا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اس وقت جماعت پر یہ بڑا فضل کیا تھا کہ جو ہمارا بجٹ تھا، احباب نے اس سے کہیں زیادہ چندے دئے تھے اب جو بچے ہیں یا جو لوگ جماعت کے اندر نئے داخل ہونے والے ہیں وہ سمجھتے ہیں صرف مالی قربانی دے دی یہ صحیح نہیں ہے اس لئے ہماری

جماعت کے علماء

کو چاہیئے کہ وہ ہمیشہ دو چیزوں کو جماعت کے سامنے پیش کیا کریں ایک یہ کہ جماعت نے ہر مالی سال کے شروع میں ایک اندازہ لگا کر کہ مثلاً اتنی ہماری مالی طاقت ہے اس کے مطابق جتنا منصوبہ بنایا یعنی بجٹ تیار کیا تھا اس سے زیادہ انہوں نے مالی قربانیاں دیں اور دوسرے یہ کہ ان مالی قربانیوں کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کے جتنے پیار کی وہ توقع رکھتے تھے اس سے کہیں زیادہ پیار اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا فرمایا۔ فالحمد للہ علیٰ ذٰلک۔

اب یہ جو نیا مالی سال ہے جو اب گذر رہا ہے۔ اس کے شروع میں بھی ہم نے یہ عہد کیا تھا کہ ہم اس سال کے اندر ان فانصب کے حکم پر عمل کریں گے اور پہلے سے زیادہ جدوجہد کریں گے اور اس سال یا اس دور کو بھی اس کے اتمام یعنی کمال تک پہنچائیں گے۔ اب اس مالی سال کے دور کے صرف دو مہینے باقی رہ گئے ہیں۔ ویسے یہ درست ہے کہ دنیوی لحاظ سے یہ بڑی پریشانیوں کے دن ہیں تاجروں کے لئے بھی پریشانی ہے زمینداروں کے لئے بھی پریشانی ہے۔ علاوہ ازیں بعض لوگوں کو اپنے علاقوں سے اُٹھنا پڑا ہے۔ اسلئے ملکی اقتصادیات پر بڑا برا اثر پڑا ہے لیکن کیا اقتصادی دُنیا کے بحران ہمارے عزم اور ہمارے ارادوں پر بُرا اثر ڈالیں گے؟ ایک مومن تو اقتصادی بحران کی کبھی پرواہ نہیں کرتا۔ کیونکہ اُسے پتہ ہوتا ہے کہ آسمان سے امتحاناً بلائیں نازل ہوتی ہیں یا ہم خود ہی اپنے لئے بلائیں پیدا کر لیتے ہیں

اللہ تعالیٰ کی خوشنودی

حاصل کرنے کے لئے یعنی ہمارا تکلیف اٹھانا یا قربانیاں دینا یا خود کو تکلیف میں ڈالنا اس لئے ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ ہم سے راضی ہو جائے۔

پس دُنیا کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اقتصادی بحران جماعت احمدیہ کی قربانیوں میں کبھی روک نہیں بن سکتے۔ اس واسطے تم ان دو مہینوں کے اندر خدا کی راہ میں قربانیاں دو اس یقین کے ساتھ کہ اگر تم خدا تعالیٰ کی راہ میں مالی قربانیاں دو گے تو دنیوی دولت کے لحاظ سے غریب نہیں ہو جاؤ گے کیونکہ جو شخص خدا تعالیٰ کی راہ میں پیسے دیتا ہے وہ غریب نہیں ہوتا بلکہ اور زیادہ مالدار ہو جاتا ہے تم نے دُنیا کو یہ بتانا ہے کہ ہمیں اپنے رب کی طرف سے جو پیار ملا ہے، ہم اس کی قدر کرتے ہیں کیونکہ ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گذار بندے ہیں

غرض ہمیں اپنے عمل سے یہ ثابت کرنا چاہیئے کہ دُنیا میں اقتصادی بحران آئیں، دُنیا میں حوادث کی شکل میں طوفان برپا ہوں یا دریاؤں میں طغیانیاں آئیں یا خشک سالی ہو، دُنیا میں خواہ کچھ بھی ہوتا رہے ہمارے عزم اور ہمارے ارادے اور ہماری قربانیوں میں کوئی رخنہ اور کوئی نقص پیدا نہیں ہوگا۔ ہم پہلے سے زیادہ آگے بڑھیں گے۔ کیونکہ میں نے بتایا ہے "فانصب" میں خالی نئے سرے سے پورے جوش کے ساتھ جدوجہد اور جہاد کرنا نہیں بلکہ یہ سب کچھ اس نیت سے کرنا ہے کہ

پہلی منزل

زیادہ مستحکم ہو جائے اور اس کے اندر اور بھی زیادہ ثبات پیدا ہو جائے اور اسے اور بھی زیادہ رفعت حاصل ہو۔ اس طرح ہم اُوپر سے اُوپر نکلتے چلے جائیں گے۔ اور خدا تعالیٰ کے قریب سے قریب تر چلے جائیں گے

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمیں اس بنیادی اصول کو سمجھنے اور اس کے مطابق اپنی زندگیوں کو سدھارنے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مربیان سلسلہ احمدیہ کا امتحان ۹ اپریل (بروز اتوار) ہوگا

مربیان سلسلہ احمدیہ کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ ان کا سالانہ امتحان کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ۹ اپریل بروز اتوار ہوگا۔ سب مربیان صاحبان کو خط کے ذریعہ بھی اطلاع کی گئی ہے۔ نصاب حسب ذیل ہوگا۔

(۱) ایک غلطی کا ازالہ (۲) ضرورت الامام

(ناظر اصلاح و ارشاد)

ادارۃ المصنفین کا انقلاب انگیز لٹریچر
تفسیر صغیر عکسی، تفسیر سورۃ الفاتحہ تفسیر سورۃ البقرہ، ترجمہ و شرح جامع مسند بخاری (جلد ۱ تا ۱۳)
تاریخ احمدیت (جلد ۱ تا بارہ) ہدایۃ المقتصد ترجمہ بدایۃ المجتہد، المسند کلام احمد حنبل ربوہ کے ہر یک سٹال سے طلب فرمائیے (ادارۃ المصنفین ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تبصرہ

جامع صحیح مسند بخاری (جزء تیرہواں)

ترجمہ و شرح : حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب مرحوم
سائز : ۲۲×۲۹ ضخامت : ۳۵۲ صفحات
ناشر : ادارۃ المصنفین ربوہ، ضلع جھنگ

زیر نظر کتاب "جامع صحیح مسند بخاری" کے تیرہویں جز کے عربی متن، ترجمہ اور سیر حاصل شرح پر مشتمل ہے۔ قبل ازیں صحیح بخاری کے بارہ پاروں کی شرح جو ۲۹۶۲، احادیث پر مشتمل ہے بارہ جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ زیر نظر کتاب میں ۲۵۶، احادیث کی شرح بیان کی گئی ہے۔

حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب مرحوم کی تحریر کردہ یہ شرح جو ادارۃ المصنفین ربوہ کی طرف سے خاص اہتمام کے ساتھ سلسلہ وار شائع ہو رہی ہے حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب کا ایک عظیم علمی کارنامہ ہے جو اپنوں ہی سے نہیں دوسروں سے بھی خراجِ تحسین وصول کر چکا ہے۔ بالخصوص یہ جلد جو جز تیرہ ۱۳ کے ترجمہ اور شرح پر مشتمل ہے اس لحاظ سے خاص اہمیت کی حامل ہے کہ اس میں کتاب بَدْءِ الْخَلْقِ اور کتاب الْاَنْبِیَاءِ کی جملہ احادیث کی شرح آ گئی ہے۔ بالخصوص انبیاء علیہم السلام کے تذکرہ میں حضرت شاہ صاحب مرحوم نے اس امر کا خاص التزام فرمایا ہے کہ قرآن مجید کے بیان کردہ حالات کا تورات کے بیان سے موازنہ کر کے بائیبل کی غلطیاں بڑی شرح و بسط کے ساتھ واضح کی ہیں اور قرآنی بیان کی صداقت پر بہت ہی ایمان افروز پیرایہ میں روشنی ڈالی ہے۔ پھر نزول مسیح سے متعلق احادیث کی شرح خاص طور پر پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے اس لئے کہ حضرت شاہ صاحب مرحوم نے بہت مدلل طریق پر ثابت فرمایا ہے کہ نزولِ مسیح سے مراد امت محمدیہ میں سے ہی مسیح موعود کی بعثت ہے نہ کہ مسیح ناصری کا آسمان سے نزول جو کہ وفات پا چکے ہیں۔ بہر حال یہ جلد علوم و معارف کا ایک بیش بہا خزانہ ہے۔

ہر چند کہ کتاب بڑی تقطیع کے ۳۵۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ اور قیمتی سفید کاغذ پر طبع کرائی گئی ہے اور کتابت بھی عمدہ ہے اور مضبوط جلد اس پر مستزاد ہے پھر بھی اس کی قیمت ساڑھے آٹھ روپے فی نسخہ مقرر کی گئی ہے جو ہر لحاظ سے واجبی ہے۔

علم دوست احباب کے لئے یہ شرح نعمت غیر مترقبہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ انہیں چاہیئے کہ وہ اوّلین فرصت میں اسے خرید کر اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کریں۔

جامعہ احمدیہ کے سالانہ تقریری مقابلہ جات

جامعہ احمدیہ ربوہ کے سالانہ تقریری مقابلہ جات بالترتیب اردو۔ انگلش اور عربی میں مورخہ ۲۸، ۲۹، ۳۰ امان (مارچ) ۱۳۵۱ہش بروز منگل۔ بدھ۔ جمعرات جامعہ احمدیہ ہال میں منعقد ہو رہے ہیں۔

اردو انگلش تقریری مقابلہ جات علی الترتیب بروز منگل و بدھ بوقت ساڑھے چار بجے بعد دوپہر اور عربی تقریری مقابلہ بروز جمعرات بوقت ۸½ بجے صبح ہوگا۔

احباب سے درخواست ہے کہ زیادہ سے زیادہ شمولیت فرما کر ہماری حوصلہ افزائی فرمائیں۔

(محمود احمد بنگالی۔ الامین الجمعیۃ العلمیہ بالجامعۃ الاحمدیہ)

ہر قسم کا سامان سائنس واجبی نرخوں پر خریدنے کے لئے
الائیڈ سائنٹفک سٹور فون ۶۴۵۰۰
گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیں

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے
کلماتِ طیبات
ملفوظات
مکمل سیٹ ۱۰ جلدوں میں ہدیہ ۹۰/- روپے علاوہ محصول ڈاک
(جلد اوّل اس وقت سٹاک میں ختم ہے باقی ۹ جلدوں کی رعایتی قیمت ۸۰/- روپے ہے)
الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ فون ۴۸۱

امام المتقین نجات المسلمین
مع تنبیہ الغافلین
ڈاکٹر مولوی منظور احمد صاحب نے احمدیہ پاکٹ بک خادم صاحب مرحوم کو سامنے رکھ کر لکھی تھی جس میں تمام ضروری حوالہ جات آ گئے ہیں دیہات میں تبلیغ کے لئے عجیب و غریب کتاب ہے۔ حجم تین سو صفحات قیمت مجلد ۵ روپیہ۔ گولبازار بالمقابل خورشید یونانی دواخانہ ربوہ سے خریدیں۔

ماہنامہ الفرقان کا ٹیلیفون نمبر
دفتر ماہنامہ الفرقان ربوہ (بیت العطاء دارالرحمت وسطی) میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ٹیلیفون لگ گیا ہے نمبر ۶۹۲ ہے۔
(مینجر الفرقان)

اسلام کی روز افزوں ترقی کا آئینہ دار
ماہنامہ
تحریک جدید ربوہ
آپ خود بھی یہ ماہنامہ پڑھیں اور اپنے غیر احمدی دوستوں کو بھی پڑھائیں سالانہ چندہ صرف ۲/- روپے ہے۔
(مینجنگ ایڈیٹر)

PIA
پاکستان انٹرنیشنل ایرلائنز نے ربوہ کے لوگوں کو اب ہوائی سفر کی سہولتیں دینے کے لئے ربوہ میں ایجنسی قائم کر دی ہے احباب جماعت اسٹیٹ بنک کی اجازت ویزا اندرون و بیرون ملک سفر کے لئے پی آئی اے کے ٹکٹ اور دیگر سفری سہولیات ہم سے حاصل کریں۔ فون کے ذریعہ اور خط کے ذریعہ سے بھی ہر قسم کی سہولت مہیا کی جا سکتی ہے۔ ملاح عبدالحفیظ
مینجر احمد برادرز جی ایس اے پی آئی اے ربوہ ۵۵۵

یک روزہ پھٹیاں جڑ سے لیور کی خوراک ٹیکے
ملنے کا پتہ
خلیل پولٹری فارم ربوہ
ریٹ
یک روزہ پھٹیاں نوّے فی صد جن کو ۳۰/- روپے سینکڑہ
۳ فی صد زائد ۱۰۰ یا زائد خریدار کو ۱۰ فی صد زائد
یک روزہ مرغ ۵۰/- روپے سینکڑہ
(مینجر)

ھوالشافی
حیوانات کا مہلک اپھارہ
اکسیر
کے ایک پیکٹ سے منٹوں میں غائب غیر مفید ہو تو واپسی کی رعایت۔ فی پیکٹ ایک روپیہ درجن یا زائد پر ۲۵ کمیشن دو درجن یا زیادہ پر خرچ ڈاک ۱/۵۰ بذمہ کمپنی۔ تفصیلی لٹریچر مفت
کیور ٹومیڈیسن کمپنی رجسٹرڈ ۲۵ کمرشل بلڈنگ شاہراہ قائداعظم لاہور
ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی گولبازار ربوہ فون ۶۰۶

حب اٹھرا رجسٹرڈ
مرض اٹھرا کی شہرہ آفاق دوا
مکمل کورس گیارہ تولہ ۲۰/- روپے
فی تولہ ۲/- روپے
حکیم نظام جان اینڈ سنز گوجرانوالہ فون ۴۸۴۴
بالمقابل ایوان محمود۔ ربوہ

ہے۔ احباب سے عاجزانہ استدعا ہے کہ بچی کی کامل صحت یابی کے لئے دعا کریں۔
(سعادت احمد پراچہ۔ اسلام آباد)

درخواستِ دعا
خاکسار کی اڑھائی سالہ بچی شمائلہ ایک عرصہ سے بیمار ہے۔ ڈاکٹروں نے تشویش کا اظہار کیا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴